| | |
|---|---|
| NHS Greater Glasgow and Clyde | معلومات بابت<br>**ایم آر آئی آرتھروگرام**<br>(Information about MRI Arthrogram - Urdu) |

ایک آرتھوپیڈک اسپیشلسٹ نے درخواست کی ہے کہ آپ کے جوڑوں میں سے ایک کا آرتھروگرام کیا جائے۔ اس میں آپ کے جوڑ میں سیال انجیکٹ کرنا اور آپ کے جوڑ کے اندر کی تفصیلی تصویر لینا شامل ہے۔ اس سے ہمیں اضافی مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں (جیسے کہ جوڑ کے اندر نرم بافتوں کے ڈھانچوں کا پھٹ جانا) جو ہمیں صرف اسکین سے حاصل نہیں ہوسکتا۔

**براہ کرم نوٹ کریں: آپ کو اس کارروائی کے بعد گھر جانے کے لیے خود سے گاڑی نہیں چلانی چاہیے۔**

اس ٹیسٹ کے دو مراحل ہیں:

1) **جوڑ میں انجیکشن۔** یہ ایکسرے یا الٹراساؤنڈ مشین والے کمرے میں انجام دیا جاتا ہے۔ انجیکشن میں صرف چند منٹوں کا وقت لگتا ہے، البتہ، آپ کمرے میں 15-20 منٹ تک رہ سکتے ہیں کیونکہ ہمیں ایک حفاظتی سوالنامہ مکمل کرنے اور آلات کو تیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ ریڈیولوجسٹ یا ریڈیوگرافر سے ملیں گے اور آپ کو ان سے کوئی بھی سوالات پوچھنے کا موقع ملے گا۔

ریڈیوگرافر یا ریڈیولوجسٹ آپ سے ایک ایکسرے یا الٹراساؤنڈ ٹیبل پر لیٹنے اور جوڑ کے گرد والے حصے کو کھولنے کے لیے کہیں گے۔ وہ جلد کو صاف کریں گے، اور اس حصے کو سُن کرنے کے لیے مقامی بے حسی اور دوا کا استعمال کریں گے۔ شروع میں وہ تیز محسوس ہوگی چند لمحے تک ڈنک کی طرح لگے گی۔ پھر وہ ایکسرے یا الٹراساؤنڈ کی رہنمائی کا استعمال کرتے ہوئے ایک باریک سوئی جوڑ میں داخل کریں گے، اور تھوڑا سا سیال (کنٹراسٹ میڈیم - ڈائی) یہ دیکھنے کے لیے انجیکٹ کریں گے کہ سوئی جوڑ میں کامیابی سے داخل ہوگئی ہے، اور جوڑ اندر سے پھول رہا ہے۔ پھر ہم آپ کو ایک کرسی یا ٹرالی پر ایم آر آئی اسکینر میں منتقل کریں گے۔

2) **ایم آر آئی اسکین۔**
**آپ کے ایم آر آئی اسکین سے پہلے**
**آپ کے تحفظ کے لیے اور بے فائدہ سفر سے بچنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ منسلکہ ایم آر آئی کا تحفظ سے متعلق چیک لسٹ سوالنامہ مکمل کریں۔ براہ کرم مکمل شدہ سوالنامہ اپنے ساتھ لے کر آئیں۔ اگر ایم آر آئی اسکین کے لیے موزوں ہونے کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں (عقبی صفحہ پر رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔**

اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی چیز لگی ہوئی ہے تو آپ ایم آر آئی اسکین نہیں کروا سکتے:

- کارڈیک (دل) پیس میکر
- کوکلیئر (کان) امپلانٹ
- دماغ میں شریانی پھیلاؤ کے لیے دھاتی کلپ
- آنکھ میں دھاتی ریزے
- مخصوص میکانیکی امپلانٹس۔

**ذیابیطس**

اگر آپ کو ذیابیطس ہے تو براہ کرم معمول کے مطابق دوائیں لینا جاری رکھیں۔

**خاتون مریضائیں**

اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کو لگتا ہے کہ آپ حاملہ ہوسکتی ہیں تو براہ کرم ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں (عقبی صفحہ پر رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔

اگر آپ بچے کو اپنا دودھ پلاتی ہیں تو ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں کیونکہ آپ کو کنٹراسٹ ایجنٹ (ڈائی) کے انجیکشن کی ضرورت ہوسکتی ہے جس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی ایم آر آئی کے بعد ایک وقفے، عام طور پر 24 گھنٹے تک، اپنا دودھ نہیں پلا سکیں گی۔

**کیا مجھے تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟**

نہیں۔ اس کے لیے کوئی خصوصی تیاری کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ معمول کے مطابق کھا اور پی سکتے ہیں اور کوئی تجویز کردہ دوائیں لے سکتے ہیں، تاوقتیکہ آپ کے ڈاکٹر آپ کو اس کے برخلاف نہ کہیں۔

ہم آپ سے لباس تبدیل کرکے اسپتال کا گاؤن پہننے کو کہہ سکتے ہیں۔ ہم آپ سے نقلی دانت، زیورات، آلہ سماعت، ہیئر پن اور آنکھوں کا میک اپ اتار دینے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

براہ کرم اپنے اسکین کے لیے آتے وقت کوئی قیمتی چیز نہ لائیں۔

**ایم آر آئی اسکین**

ہم آپ سے ایک آرام دہ کاؤچ پر لیٹنے کو کہیں گے جسے ہم مقناطیس کے اندر لے جاتے ہیں۔

ہم آپ سے اپنے جسم کو بالکل ساکت رکھنے کو کہیں گے۔

آپ کو کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوگی، لیکن اسکین کے دوران آپ کو تھوڑی بھنبھناہٹ یا کھٹکھٹ جیسا شور سنائی دے سکتا ہے، جو پوری طرح غیر نقصان دہ ہیں۔

اسکینر کو چلانے والا ریڈیوگرافر پورے اسکین کے دوران آپ کو دیکھ اور سن سکے گا۔ آپ کے پاس بزر بھی ہوگا جسے آپ کوئی پریشانی ہونے کی صورت میں دبا سکتے ہیں اور ریڈیوگرافر آپ سے بات کرے گا۔

آپ اسکین کے دوران سننے کے لیے سی ڈی لاسکتے ہیں۔

**اسکین میں کتنا وقت لگے گا؟**

اسکین میں 30 منٹ اور 2 گھنٹوں کے درمیان کا وقت لگ سکتا ہے۔ آپ ایم آر آئی اسکین کے فوراً بعد جاسکتے ہیں۔

**اس کے خطرات اور پیچیدگیاں کیا ہیں؟**

انجیکشن والی جگہ پر ہلکی خراش ہونا غیر معمولی نہیں ہے اور وہ حصہ لگ بھگ ایک دن کے لیے تھوڑا تکلیف دہ یا سخت ہوسکتا ہے۔ انجیکٹ کی گئی بے حسی آور دوا یا سیال سے کوئی منفی ردعمل ہونا انتہائی شاذ و نادر ہے۔ البتہ، اگر ایسا ہونا ہو تو یہ فوراً ہوجائے گا (جب آپ ڈاکٹر کے پاس ہی ہوں گے)۔

جوڑ میں انفیکشن کا ہلکا خطرہ ہے (مطالعہ میں 1000 میں 1 کا ذکر کیا گیا ہے) اور ہم اس خطرے کو کم کرنے کے لیے مناسب کارروائی کرتے ہیں۔ اگر انفیکشن ہو ہی جاتا ہو تو، یہ عام طور پر کارروائی کے چند دنوں تک ہی رہتا ہے۔ جوڑ میں معمول سے زیادہ درد ہوجائے گا، آپ کو اپنی حرکات محدود محسوس ہوسکتی ہیں، اور وہ حصہ گرم ہوسکتا ہے اور وہاں سوزش ہوسکتی ہے۔ آپ عام طور پر طبیعت کی ناسازی اور بخار زدہ بھی محسوس کرسکتے ہیں۔ **اگر آپ کو لگتا ہے کہ جوڑ میں انفیکشن ہوا ہے تو آپ کو فوراً اپنے مقامی ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ یا جی پی کے پاس جانا چاہیے یا NHS 24 سے رابطہ کرنا چاہیے اور وضاحت کرنی چاہیے کہ آپ نے ایم آر آئی آرتھروگرام کروایا ہے۔**

**کارروائی کے بعد**

آپ کو کارروائی کے بعد خود سے گاڑی چلا کر گھر نہیں جانا چاہیے اور سفر کے دیگر انتظامات کرنے چاہئیں (جیسے کسی رشتہ دار یا دوست کو اپنے ساتھ چلنے کو کہیں جو آپ کو گاڑی چلا کر گھر لاسکے)۔ کارروائی کے بعد جوڑ میں اس وقت تک تھوڑا غیر معمولی احساس ہوگا جب تک کہ جسم سے انجیکٹ کیا ہوا سارا سیال نہ نکل جائے۔ ہماری صلاح ہے کہ آپ کارروائی کے بعد 24 گھنٹے تک نہ تو گاڑی چلائیں نہ ہی ورزش کریں۔

**مجھے نتائج کب معلوم ہوں گے؟**

ریڈیولوجسٹ (ایک اسپیشلائزڈ ڈاکٹر) آپ کے اسکینز کا جائزہ لے گا اور نتائج ایسے شخص کو بھیجے گا جنہوں نے آپ کو جانچ کے لیے بھیجا ہے۔ آپ کو بھیجنے والا فرد آپ کو نتیجے سے آگاہ کرنے کے انتظامات کرے گا۔

**کوئی دیگر سوالات ہیں؟**

برائے مہربانی امیجنگ ڈپارٹمنٹ میں ٹیم کے کسی فرد سے پوچھیں۔

**آپ کا اپائنٹمنٹ**

برائے مہربانی

- اپنے ساتھ کوئی قیمتی سامان نہ لائیں
- اگر آپ کو مشورہ کی ضرورت ہو تو ہمیں کال کریں

اگر آپ اس اپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے ہیں تو براہ کرم ہمیں جتنی جلدی ممکن ہو بتا دیں - ہم دوسرا اپائنٹمنٹ مقرر کرسکتے ہیں اور آپ کا اپائنمٹنٹ دوسرے مریض کو دے سکتے ہیں۔

**مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر**

0141 347 8379
www.nhsgg.org.uk

Equalities In Health

MI • 290671 - Urdu

نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2018